الكَافِيَة

نوٹس

ششماہی ثانی

نعت + تابع کا بیان

1 تابع کی تعریف کریں؟

ج كُلُّ ثَانٍ بِإِعْرَابِ سَابِقِهٖ مِنْ جِهَةٍ وَاحِدَةٍ

جب مصنف علیہ الرحمۃ نے کُلُّ ثَانٍ کہا تو اس میں مبتدا کی خبر ما و لا کی خبر افعال ناقصہ کی خبر حروف مشبہ بالفعل کی خبر مفعول ثانی وغیرہ سب شامل تھے ← یہ بمنزلہ جنس کے ہے

پھر جب بِإِعْرَابِ سَابِقِهٖ کہا تو سوائے مبتدا کی خبر اور مفعول ثانی کے سب نکل گئے ← یہ فصل اول ہے

پھر جب مِنْ جِهَةٍ وَاحِدَةٍ کہا تو یہ بھی نکل گئے اور صرف تابع بچ گیا۔

2 نعت کی تعریف بیان کریں؟

ج تَابِعٌ يَدُلُّ عَلٰى مَعْنًى فِيْ مَتْبُوْعِهٖ مُطْلَقًا

یعنی جو اسے معنی پر جو متبوع میں پائے جائیں مطلقاً دلالت کرے اسے نعت کہتے ہیں

اسے بصریوں کی اصطلاح میں صفت یا وصف جبکہ کوفیوں کی اصطلاح میں نعت کہتے ہیں

س نعت کا کیا فائدہ ہے یا نعت کس غرض سے لائی جاتی ہے

ج نعت تخصیص کا فائدہ دیتی ہے اگر موصوف / منعوت نکرہ ہو مثلاً جاءنی رجل صالح

نعت توضیح کا فائدہ دیتی ہے اگر منعوت معرفہ ہو مثلاً جاءنی زید عالم

کبھی کبھی نعت کو صرف ثناء کے لیے یا مدح کے لیے لایا جاتا ہے مثلاً بسم اللہ الرحمن الرحیم

کبھی کبھی صرف مذمت بیان کرنے کیلئے لایا جاتا ہے
مثلاً أعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

کبھی کبھی صفت کو تاکید کیلئے لایا جاتا ہے مثلاً
نفخۃ واحدۃ

س۶ کیا صفت کا مشتق ہونا ضروری ہے اعتراض مع جواب تحریر فرمائیں؟

ج اکثر نحات کے نزدیک صفت کا مشتق ہونا ضروری ہے
جبکہ صاحب کافیہ کے نزدیک صفت چاہے مشتق ہو یا جامد کوئی فرق نہیں مگر اس شرط پر کہ صفت کو ایسے معنی کیلئے ~~[illegible]~~ وضع کیا گیا ہو جو اس کے متعلقہ میں پائے جاتے ہوں خواہ عموماً ہوں یا خصوصاً
مثال تمیمی ذومال غیر مشتق مگر صفت کے معنی میں عموماً استعمال ہوتے ہیں لہذا یہ صفت بن گے
جبکہ ای اور ھذا (مررت برجل أی رجل) (مررت بھذا الرجل) (مررت بزید ھذا) خصوصاً صفت کے معنی میں مستعمل ہیں

(د) کیا نکرہ کی صفت جملہ بن سکتی ہے مثال دے کر واضح کریں؟

ج نکرہ کی بطور صفت جملہ خبریہ ہو سکتی ہے خواہ اسمیہ ہو یا فعلیہ

اسمیہ کی مثال مررت برجل أبوہ نائم
فعلیہ کی مثال مررت برجل قام ابوہ
جب صفت جملہ خبریہ ہو تو ضمیر کا ہونا ضروری ہے جو موصوف کی طرف لوٹے

س: توصف بحال الموصوف سے مصنف علیہ الرحمۃ کیا بیان فرما رہے ہیں

ج: بیان مصنف صفت کی اقسام بیان فرما رہے ہیں
صفت کی دو قسمیں ہیں
(1) صفت بحال موصوف
(2) صفت بحال متعلق موصوف

صفت بحال موصوف

وہ صفت ہے جو ایسے معنی پر دلالت کرے جو موصوف میں ہوں مثلاً جاءنی رجل عالم

صفت بحال متعلق موصوف

وہ صفت جو ایسے معنی پر دلالت کرے جو موصوف کے متعلق میں ہوں مثلاً مررت برجل حسن غلامہ

س: کون کونسی صفت کن کن چیزوں میں موصوف کے مطابق ہوگی

ج: صفت بحال موصوف دس چیزوں میں موصوف کے مطابق ہوتی ہے
(1) رفع (4) تعریف (7) تثنیہ (10) تانیث
(2) نصب (5) تنکیر (8) جمع
(3) جر (6) افراد (9) تذکیر

جن میں سے بیک وقت چار چیزوں میں موافق ہونا ضروری ہے
مثلاً

جاءنی رجلٌ عالمٌ

مذکر مذکر
مرفوع مرفوع
مفرد مفرد
نکرہ نکرہ

صفت بحال متعلق موصوف پہلی پانچ چیزوں میں موصوف کے
موافق ہو گی

(1) رفع (4) تعریف
(2) نصب (5) تنکیر
(3) جر

جن میں بیک وقت دو کے اندر موافقت ضروری ہے
مثلاً ربنا اخرجنا من هذه القرية الظالم اهلها
بقیہ پانچ میں فعل کی طرح ہے۔

س: قام رجل قاعد غلمانہ والی مثال درست ہے جبکہ قاعدون
غلمانہ والی درست نہیں کیوں۔

ج: صفت بحال متعلق موصوف پانچ میں موافق ہوتی ہے جبکہ بقیہ
پانچ (1) واحد (2) تثنیہ (3) جمع (4) تذکیر (5) تانیث میں
اس کا حکم وہی ہے جو فعل کا ہے یعنی اگر فاعل اسم ظاہر ہو
تو فعل ہمیشہ واحد ہی لایا جاتا ہے۔
چونکہ پہلے والی مثال میں قاعد واحد لے کر آئیں ہیں تو
یہ درست ہے جبکہ دوسری میں چونکہ جمع ہے لہذا مثال درست نہیں
اور مقصود غلمانہ والی مثال میں مقصود جمع مکسر ہے جو کہ واحد
کے حکم میں ہوتی ہے

[illegible]

س: المضمر لا یوصف ولا یوصف بہ سے مصنف علیہ الرحمۃ کیا فرما رہیں ہیں؟

ج: یہاں سے مصنف علیہ الرحمۃ ایک ضابطہ بیان فرما رہیں ہیں کہ ضمیر نہ صفت بنتی ہے نہ موصوف

بہرحال ضمیر موصوف اس وجہ سے نہیں بن سکتی کہ صفت سے موصوف کی توضیح مقصود ہوتی ہے معرفہ میں اور ضمیر سب سے اعرف ہوتی ہے اور اس کی وضاحت تحصیل حاصل ہے جو کہ محال ہے

اور ضمیر صفت اس وجہ سے نہیں بن سکتی کہ موصوف صفت سے اعرف یا مساوی ہوتا ہے اور ضمیر سے اعرف کوئی ہے نہیں ★

دوسرا ضابطہ

الموصوف أخصّ أو مساوٍ

اسی ضابطہ کے تحت معرف باللام کی صفت لانا سوائے معرف باللام یا اس مضاف سے جو معرف باللام کی طرف مضاف ہو سے درست نہیں

مثلاً

جاء نی الرجل العالم

موصوف صفت

معرف باللام

جاء نی الرجل صاحب الفرس

موصوف صفت مضاف الی المعرف باللام

س: انما التزم وصف باب هذا ...... الخ
سے مصنف علیہ الرحمۃ ایک اعتراض کا جواب
بیان / ارشاد فرما رہے ہیں آپ وہ اعتراض مع
جواب تحریر کریں؟

اعتراض:
مذکورہ بالا قاعدہ کے مطابق
اسم اشارہ کی صفت اسم اشارہ، موصول، المعرف
بلام وغیرہ سب کے ذریعے لانا درست ہے مگر صرف
معرف بلام سے ہی صفت لاتے ہیں ہذا، مذکورہ
بالا قاعدہ نہ پایا گیا

جواب:
صفت لانے سے غرض توضیح یا تخصیص
ہوتی ہے چونکہ اسمائے موصولہ مبہم ہیں ہوتے مگر صلے
سے مل کر اسم معرف بالاضافت میں مضاف تو خود مضاف
الیہ کا محتاج ہوتا ہے اسی لیے صرف معرف بلام سے
ہی صفت لانا درست ہے رہا اسم اشارہ کے ذریعے
اسمائے اشارہ کی صفت لانا تو یہ بھی جائز نہیں
کہ صفت کا فائدہ نہ ملا کہ اسمائے اشارہ میں تو خود
ابہام ہوتا ہے یہ دوسرے کے ابہام کو کیا دور کرے
گا
ضروری ہے
معرف بلام سے صفت لانا اسے الف لام کے ذریعے
ہو ایک جنس کے ساتھ خاص ہو کیونکہ صفت کا فائدہ
ابہام کو دور کرنا ہے اور ابہام اسی وقت دور ہوگا جب
وقت اسے معرف بلام سے ہو جو ایک جنس کیساتھ خاص
ہو اسی وجہ سے یہ مثال ضعیف ہے مررت بھذا الابیض
اور اچھی ہے یہ مثال مررت بھذا العالم

عطف کا بیان

س: عطف بیان کی تعریف لکھیں؟

ج: تابعٌ مقصودٌ بالنسبۃِ مع متبوعِہٖ ویتوسطُ بینہٗ و بین متبوعِہٖ احدُ الحروفِ العشرۃِ مثل قام زیدٌ و عمروٌ

ترجمہ:-

عطف [illegible] ایسا تابع ہے جو اپنے متبوع کے ساتھ مقصود بالنسبۃ ہوتا ہے اور اس کے اور متبوع کے درمیان دس حروفِ عطف میں سے کوئی ایک آتا ہے

مثال قام زیدٌ و عمرو

س2: ضمیرِ مرفوع متصل پر عطف کس طرح ہو گا؟

ج: مرفوع متصل پر عطف کیلئے پہلے اس کی منفصل سے تاکید لگانا ضروری ہے جیسے ضربتُ انا و زیدٌ مگر جب دونوں کے درمیان فصل واقع ہو مثلاً ضربتُ الیوم و زیدٌ

س3: ضمیر مجرور پر عطف کیلئے کیا کرنا ضروری ہے؟

ج: ضمیر مجرور پر جب عطف کیا جائے تو خافض کا اعادہ کیا جائے گا مثلاً مررت بک و بزید

س4: معطوف معطوف علیہ کے حکم میں ہوتا ہے ما زید بقائمٍ او قائماً ولا ذاہب عمرو سے مصنف علیہ الرحمۃ کیا بتانا چاہتے ہیں؟

ج: معطوف معطوف علیہ کے حکم میں ہوتا

مثال: ما زیدٌ بقائمٍ أو قائماً ولا ذاھبٌ عمرو میں
ذاھب پر صرف رفع جائز ہے کہ یہ عمرو مبتدا کی
خبر ہے۔
اگر فتحہ یا کسرہ پڑھتے ہوئے قائماً یا بقائمٍ پر عطف
کیا جائے تو مذکورہ قاعدہ ٹوٹ جائے گا
وہ اسطرح کہ معطوف علیہ بقائم / قائما میں ایک
ضمیر ہے جو زید کی طرف لوٹ رہی ہے۔ جبکہ معطوف
ذاھب میں کوئی ضمیر نہیں ★

س: وانما جاز الذی یطیر فیغضب زید الذباب
یہ عبارت ایک سوال مقدر کا جواب ہے آپ سوال
مع جواب تحریر کریں؟

سوال:
آپ کا یہ قاعدہ اس مثال سے ٹوٹ
رہا ہے کہ اس میں یطیر الذی کا صلہ ہے اور اس
میں ضمیر ہے مگر معطوف علیہ یغضب زیدٌ میں کوئی
ضمیر نہیں تو اس مثال کو بھی ناجائز ہونا چاہیے تھا
حالانکہ یہ جائز ہے ★

جواب:
یہ مثال اس وجہ سے جائز ہے کہ اس
میں فاء سببیہ ہے یعنی ما قبل ما بعد کیلئے
سبب ہے

س: دو مختلف عاملوں کے معمولوں پر عطف کرنا کیسا

ج: دو مختلف عاملوں کے سبب مختلف معمولوں پر عطف کرنا ناجائز ہے مگر ایک صورت میں جائز ہے

(۱) فِی الدَّارِ زَیْدٌ وَالْحُجْرَۃِ عَمْرٌو
اس مثال میں دار کا عطف حجرۃ پر کیا گیا ہے جس کا عامل فی ہے اور زید کا عطف عمرو پر کیا گیا ہے جس کا عامل ابتداء ہے *
یہ مثال اس وجہ سے درست ہے کہ معطوف اور معطوف علیہ میں مجرور کو مرفوع پر مقدم کیا گیا ہے

امام ~~فخر~~ فرّاء کے نزدیک مطلق عطف جائز

امام سیبویہ کے نزدیک مطلقاً ناجائز *

تاکید کا بیان

(1) تاکید کی تعریف بیان کریں؟

ج تابعٌ یُقَرِّرُ أمرَ المَتبُوعِ فِی النِّسبَۃِ أو الشُّمُولِ

یعنی تاکید ایسا تابع ہے جو متبوع کے امر کو پختہ کر دیتا ہے نسبت میں یا شمولیت میں

جیسے ضرب زید زید / جاء القوم کلھم

س تاکید کی کتنی قسمیں ہیں بیان کریں؟

ج تاکید کی دو قسمیں ہیں

(1) لفظی

(2) معنوی

لفظی :-

پہلے لفظ کے تکرار سے حاصل ہوتی ہے

جیسے ضرب زید زید

یہ تمام الفاظ میں جاری ہوتی ہے

معنوی :-

یہ چند الفاظ سے حاصل ہوتی ہے

وہ یہ ہیں

نفس عین

کلا کلتا

کلہ، اجمع، اکتع، ابتع، ابصع

پہلے دو یعنی نفسہ عینہ عام ہیں صیغوں اور ضمیر کے

بدلنے کے ساتھ تو کہیں گا نفسہ نفسہما ، أنفسہما ،
أنفسہم ، نفسہن

اور دوسرا یعنی کلاھما تثنیہ کے لیے آتا ہے
جیسے کلاھما کلتاھما

اور بقیہ تثنیہ کے علاوہ کیلئے آتے ہیں ضمیر کے بدلنے
کے ساتھ کل میں جیسے کلہ کلھا ، کلھم ، کلھن
اور بقیہ میں صیغون کے بدلنے کے ساتھ ، جیسے
أجمع جمعاء ، اجمعون جمع *

س: ولا یؤکد بـ کل و أجمع الا ذو أجزاء یصح افتراقھا
.... ألخ یہاں سے مصنف علیہ الرحمۃ کیا کہنا چاہ رہیں
ہیں ؟

ج: کل ، اور أجمع کے ذریعے صرف ذو اجزاء کی تاکید
لائی جائے گی یعنی جسے حسا یا حکما جدا
کرنا ممکن ہو جیسے اکرمت القوم کلھم
اس میں القوم کو حسا جدا کرنا ممکن ہے
اشتریت العبد کلہ اس مثال میں عبد کو حکما
جدا کرنا ممکن ہے نہ کہ حسا
اسی وجہ سے یہ مثال ناجائز ہے
جاء زید کلہ *

فنا بطہ :

جب ضمیر مرفوع متصل کی نفس اور عین
کے ذریعے تاکید لگائی جائے تو تاکید لگانا منفصل
سے ضروری ہے جیسے ضربت أنت نفسك
(أکتع اور اس کے اخوات أجمع کے تابع بغیر نہیں آتے نہ
ہی مقدم ہوتے ہیں)

بدل کا بیان

س: بدل کی تعریف اقسام اور اقسام کی تعریف لکھیں؟

ج: تابع مقصود بما نسب الی المتبوع دونہ
بدل میں تابع مقصود ہوتا ہے متبوع کی جانب نسبت کی وجہ سے نہ کہ متبوع

اقسام:۔
(1) بدل کل
(2) بدل بعض
(3) بدل اشتمال
(4) بدل غلط

بدل کل:۔
مَدْلُوْلُہٗ مَدْلُوْلُ الْاَوَّلِ
جیسے جاءَ زیدٌ اخاکَ
اس میں اخاک کا مدلول اور زید کا مدلول ایک ہے

بدل بعض:۔
بدل کا مدلول مبدل منہ کے مدلول کا جزء ہوتا ہے جیسے ضربت زیداً راسَہ

بدل اشتمال:۔
نہ جزء ہو نہ کل بلکہ بدل مبدل منہ کا متعلق ہو جیسے اَعجبنی زید علمہ

بدل غلط :-

أن تقصد إليه بعد ان غلطت بغيره

کہ تو اس کا ارادہ کرے غیر کے ساتھ غلطی کرنے کے بعد جیسے جاء زید عمر

س بدل اور مبدل منہ کیا ہوتے معرفہ / یا نکرہ ، ظاہر ضمیر وغیرہ ؟

ج (1) بدل اور مبدل منہ دونوں معرفہ ہوتے ہیں

أکرمت زیدًا اخاک

(2) دونوں نکرہ :-

جاء رجل غلام لک

(3) بدل معرفہ مبدل منہ نکرہ :-

جاء رجل غلام زید

نکرہ معرفہ

~~(4) بدل نکرہ مبدل منہ معرفہ~~

~~اس صورت میں بدل کی صفت لانا ضروری ہے~~

~~جیسے بالناصیۃ ناصیۃ کاذبۃ~~

~~صفت بدل مبدل منہ~~

~~نکرہ معرفہ~~

(1) دونوں اسم ظاہر ہونگے

أکرمت زیدًا أباک

(2) دونوں ضمیر ہونگے

زید لقیتہ ایاہ

(3) بدل ظاہر مبدل منہ ضمیر

زید اکرمتنہ اَخَاکَ

مبدل منہ مبدل

(4) مبدل منہ ظاہر بدل ضمیر

رأیتُوکَ اکرمتُ زیدًا اَبَاہ

مبدل منہ بدل

نوٹ:

بدل ظاہر ہو اور مبدل منہ ضمیر ہو یہ جائز نہیں بدل کل میں سوائے غائب میں کہ اس میں یہ جائز ہے

جیسے ضربتہٗ زیدًا

مَرَرْتُ بِکَ بَکْرًا ، مَرَرْتُ بِیْ زَیْدًا یہ مثالیں درست نہیں

عطف بیان

س: عطف بیان کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

ج: عطف بیان کی تعریف:
تابع غیر صفۃ یوضح متبوعہ
عطف بیان صفت کے علاوہ ہوتا ہے اور اپنے متبوع کی وضاحت کرتا ہے مثال:
أقسم باللّٰہ أبو حفص عمرُ
مبین عطف بیان

س: عطف بیان اور بدل میں فرق بیان کریں؟

معنوی فرق:
عطف بیان مبین میں متبوع یعنی مبین مقصود بالنسبۃ ہوتا ہے جبکہ بدل مبدل منہ میں تابع یعنی بدل مقصود بالنسبۃ ہوتا ہے
مثال: جاء زید أخوک
مثال: أقسم باللّٰہ أبو حفص عمرُ
مقصود بالنسبۃ
مقصود بالنسبۃ

لفظی فرق:

أنا ابن التارک البکری بشرا
اس مثال میں عطف بیان مبین والی ترکیب درست ہے جبکہ بدل مبدل منہ والی ترکیب درست نہیں
وہ اسطرح کہ بدل تکرار عامل کے حکم میں ہوتا ہے یعنی اگر بدل والی ترکیب کریں تو ~~جائز نہیں~~ بشر سے پہلے التارک

12-12-2018

لغات ان پڑھ گا جو نہ جائز ہیں وہ اس وجہ سے نہ
دھرتیہ مثال الف ارب زید والی ترکیب کی طرح ہوگی

مبنی کا بیان

س: مبنی کی تعریف بیان کریں

ج: جو مبنی الاصل کے مشابہ ہو مبنی الاصل تین چیزیں ہیں
(۱) فعل ماضی
(۲) امر حاضر معروف
(3) تمام حروف
اور مبنی کی دوسری قسم یہ ہے کہ جو اپنے غیر کے ساتھ مرکب نہ ہو
جیسے زید، عمرو الف، باء وغیرہ

س: مبنی کے القاب اور مبنی کا حکم بیان کریں؟

ج: اسم مبنی کے القاب ضم، فتح، کسر، اور وقف ہیں

حکم:
اس کا حکم یہ ہے کہ اس کا آخر عوامل کے بدلنے سے
نہیں بدلتا
مثال:
جاء ھؤلاءِ، مررت بھؤلاءِ،
مررت بھؤلاءِ

مبنی کا بیان

س: اسم مبنی کی کتنی قسمیں ہیں۔

ج: اسم مبنی کی آٹھ قسمیں ہیں

(1) مضمرات	(5) اسمائے کنایہ
(2) اسمائے اشارہ	(6) اسمائے افعال
(3) اسمائے موصولہ	(7) اصوات
(4) مرکبات	(8) بعض ظروف

س: ضمیر کی تعریف بیان کریں

ج: **ضمیر کی تعریف:**
ضمیر وہ اسم مبنی ہے جو متکلم، مخاطب یا اسے غائب پر دلالت کرنے کیلئے وضع کیا گیا ہو جس کا ذکر لفظاً یا معنیً یا حکماً ہو چکا ہو
جیسے أنا، أنت، ھو وغیرہ

س: لفظاً، معنیً اور حکماً مذکور ہونے سے کیا مراد ہے

ج: لفظاً مذکور ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ غائب جس کی طرف ضمیر لوٹ رہی ہے لفظوں میں مذکور ہو خواہ حقیقۃً ماقبل میں اس کا ذکر گزر چکا ہو
جیسے ضرب زید غلامہ
یا تقدیراً ماقبل میں ذکر ہو چکا ہو جیسے ضرب غلامہ زیدٌ

معنیً مذکور ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ غائب ماقبل میں لفظوں میں مذکور نہ ہو بلکہ معنی کے اعتبار سے مذکور ہو یعنی

ضمیر کا بیان

وہ ما قبل یا کسی لفظاً یا کلام کے سیاق (مضمون) سے سمجھا جا دیا ہو مثلاً

اعدلوا هو اقرب للتقوى

حکماً مذکور ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ضمیر کا مرجع لفظاً یا معنیً ما قبل میں مذکور نہ ہو بلکہ متکلم کے ذہن میں موجود ہو جیسے قل هو الله احد

س: ضمیر کی کتنی قسمیں ہیں ہر ایک کی تعریف مع مثال بیان کریں

ج: ضمیر کی دو قسمیں ہیں
(1) ضمیر متصل
(2) ضمیر منفصل

ضمیر متصل:

وہ ضمیر ہے جو خود مستقل نہ ہو جیسے ضربت میں (ت) ضمیر

ضمیر منفصل:

وہ ضمیر ہے جو خود مستقل ہو جیسے هو، انت، انا وغیرہ

اعراب کی انواع کے اعتبار سے ضمیر کی تین قسمیں ہیں
(1) مرفوع (2) منصوب (3) مجرور
ضمیر متصل تینوں ہوتی ہیں جبکہ منفصل صرف مرفوع اور منصوب ہوتی ہے لہذا کل پانچ قسمیں بنی

(1) مرفوع متصل ضَرَبْتُ ضَرَبْتَ سے ضَرَبْنَ ضَرَبْنَ

(2) مرفوع منفصل اُنَا سے هُنَّ

(3) منصوب متصل ضَرَبَنِی سے ضَرَبَهُنَّ تک اور اِیَّنِی سے اِیَّاهُنَّ تک

(4) منصوب منفصل اِیَّایَ سے اِیَّاهُنَّ تک

(5) مجرور متصل غلامی اور لِی سے غلامِهِنَّ اور لَهُنَّ

س ضمیر کب مستتر اور کس کس میں ہوتی ہے۔

ج ضمیر مرفوع متصل ماضی کے دو صیغوں میں مضارع کے پانچ صیغوں میں اور صفت میں مطلقاً پوشیدہ ہوتی ہے

ضمیر مرفوع متصل ماضی میں

(1) غائب ضرب (2) غائبہ ضربت (3)

مضارع میں

(1) غائب یضرب (2) تضرب غائبہ (3) مخاطب تضرب

(4) واحد متکلم اضرب (5) جمع متکلم نضرب۔

س ضمیر مرفوع منفصل کو کب لایا جائے گا۔

ج ضمیر مرفوع منفصل کو تب لایا جائے گا جب ضمیر مرفوع متصل کو لانا متعذر ہو۔

متعذر ان مقامات میں ہوتا ہے۔

(1) عامل پر مقدم کرنے کی وجہ سے جیسے اِیَّاكَ ضَرَبْتُ

(2) کسی غرض کی وجہ سے فعل لانا جیسے مَا ضَرَبَكَ اِلَّا اَنَا

(3) عامل کو حذف کرنے کی وجہ سے جیسے اِیَّاكَ وَالشَّر

(4) عامل معنوی ہو جیسے اَنَا زَیْد

(5) عامل حرف ہو جیسے مَا اَنْتَ قَائِم

(6) ایسی ضمیر جو صیغہ صفت کیلئے ہو اور اس کا مرجع صیغہ صفت
کا غیر ہو جیسے ھند زید ضاربتہ ھی۔

ضابطہ

جب دو ضمیریں جمع ہوں ان میں سے کوئی بھی مرفوع نہ ہو تو دونوں میں سے ایک اعرف ہو اور اسے مقدم کیا گیا تو دوسری ضمیر میں اختیار ہے چاہیے متصل لائیں منفصل لائیں

جیسے أعطیتکہ أعطیتک إیاہ

غیر ضمیر	پہلی ضمیر	دوسری ضمیر
اختیار ہے		مختار

ضربتیک ضربتی ایاک

اگر دونوں ضمیر برابر ہوں یا اعرف کو مقدم نہ کیا ہو تو مرفوع منفصل لائیں گے

جیسے اعطیتہ إیاہ اعطیتہ إیاک

س: کان کی خبر اگر ضمیر ہو تو متصل لائیں گے یا منفصل نیز لولا اور عسی کے بعد کونسی ضمیر آتی ہے

ج: کان کی خبر اگر ضمیر ہو تو منفصل لائیں گے جیسے زید قائم وکنت إیاہ
لولا کے بعد ضمیر منفصل آتی ہے جیسے لولا أنت
عسی کے بعد ضمیر متصل آتی ہے جیسے عسیت
کبھی کبھی لولا کے بعد ک ضمیر اور عسی کے بعد بھی آتی ہے جیسے لولاک عساک

س: نون وقایہ کن کن جگہوں میں واجب ہے؟

ج نون کے ماضی کے ان صیغوں میں آتی ہے جن میں یائے متکلم ہو
جیسے ضربنی ضربانی ضربونی
مضارع کے ان صیغوں میں جن میں نون اعرابی نہ ہو
جیسے یضربنی تضربنی وغیرہ

س کن کن جگہوں میں نون وقایہ کو لانا نہ لانا جائز اور کہاں کہاں مختار ہے

ج تین مواقع ایسے ہیں جن میں نون وقایہ کو لانے نہ لانے میں اختیار ہے

(1) مضارع بالنون اعرابی جیسے یضربانَنی یضربانی

(2) لَدُن کی یائے متکلم کی طرف اضافت کردی جائے
جیسے لَدُنّی لَدُنی

(3) اِنَّ اور اس کے اخوات کا اسم اگر یائے متکلم ہو تو وہاں بھی اختیار ہے جیسے اِنَّنِی ، اِنِّی

لیت ، مِن ، عَن اور قد ، قط میں نون وقایہ کو لانا مختار ہے جیسے لیتنی ، مِنِّی ، عَنِّی
قدنی ، قطنی وغیرہ
لعلّ کا حکم اس کے برعکس ہے یعنی نون وقایہ نہ لانا مختار ہے جیسے لَعَلِّی

ضمیر فصل کی تعریف وجہ تسمیہ ، شرائط نیز ترکیب کلام میں کیا بنتا ہے بیان کریں ؟

ج

ضمیر فصل کی تعریف :-

ضمیر فصل وہ ضمیر مرفوع منفصل کا صیغہ ہے جو مبتدا اور خبر کے درمیان لایا جاتا ہے اور وہ واحد، تثنیہ، جمع وغیرہ میں مبتدا کے مطابق ہو جیسے زید ھو القائم

وجہ تسمیہ :-

ضمیر فصل کو ضمیر فصل اس لیے کہتے ہیں یہ ان صورتوں میں جن میں صفت اور خبر کا التباس ہوتا ہے خبر اور صفت کے درمیان فرق کرنے کیلئے آتی ہے

شرائط :-

ضمیر فصل کو لانے کی دو شرطیں ہیں

(1) خبر معرفہ ہو

(2) اسم تفضیل من کے ساتھ ہو

پہلے کی مثال زیدٌ ھو القائم
ضمیر فصل

دوسرے کی مثال کان زید ھو افضل من عمرو
ضمیر فصل

امام خلیل کے نزدیک یہ ضمیر حروف ہے ترکیب کرتے وقت اس کو ضمیر فصل لا محل لہ الاعراب کہیں گے

بعض اہل عرب کے نزدیک یہ ضمیر اسم ہے اور وہ اسے ترکیب میں مبتدا ثانی اور اس کے بعد والے کو اس کی خبر بناتے ہیں

س۱۱ ضمیر شان اور قصۃ کی تعریف لکھیں نیز یہ متصل آتی ہے یا منفصل بیان کریں؟

ج جملہ سے پہلے واقع ہوتی ہے ایک غائب ضمیر اور مابعد جملہ اس کی تفسیر بیان کرو رہا ہو اگر وہ ضمیر مذکر کی ہو تو ضمیر شان اور اگر مؤنث کی ہو تو ضمیر قصۃ کہتے ہیں

یہ ضمیر منفصل ہو ہوتی ہے اور متصل بھی متصل ہو تو بارز ہوتی ہے اور مستتر بھی عامل کے مطابق

منفصل کی مثال ہے۔ هُوَ زَیْدٌ قَائِمٌ
متصل بارز کی مثال ہے۔ اِنَّہٗ زید قائم
متصل مستتر کی مثال ہے۔ کَانَ زید قائم

س۱۲ ضمیر شان اور قصۃ کو کب حذف کر سکتے ہیں؟

ج اس ضمیر کو منصوب ہونے کی حالت میں حذف کرنا ضعیف ہے جیسے اِنَّ زَیْدٌ قَائِمٌ
مگر ایک صورت میں کہ جب ضمیر اَنَّ مفتوحہ کے ساتھ ہو جب اسے ساکن کر دیا جائے تو اس صورت میں اسے حذف کرنا لازم ہے
جیسے وَ اٰخِرُ دَعْوٰھُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ *

اسمائے اشارہ

س1 اسمائے اشارہ کی تعریف کیجیے نیز یہ کون کونسے ہیں!

ج مَا وُضِعَ لِمُشَارٍ اِلَيْہِ
جسے اشارہ کے لیے وضع کیا ہو

واحد مذکر کیلئے ذَا
تثنیہ مذکر کیلئے ذَانِ ذَيْنِ
واحد مؤنث کیلئے تَا، ذِی، تِیْ، تَہْ، ذِہْ، تِھِیْ، ذِھِیْ
تثنیہ مؤنث کیلئے تَانِ، تَيْنِ
جمع کیلئے اولاء مد اور قصر کے ساتھ

نوٹ :- اور ملایا جاتا ہے اس کے ساتھ حرف تنبیہ کو اور متصل ہوتا ہے حرفِ خطاب *

یہ پانچ میں پانچ ہیں کل پچیس ہیں

س2 پچیس اسمائے اشارہ لکھیں؟

(1) ذَاكَ، ذَاكُمَا، ذَاكُمْ، ذَاكِ، ذَاكُنَّ
(2) ذَانِكَ، ذَانِكُمَا، ذَانِكُمْ، ذَانِكِ، ذَانِكُنَّ
(3) تَاكَ، تَاكُمَا، تَاكُمْ، تَاكِ، تَاكُنَّ
(4) تَانِكَ، تَانِكُمَا، تَانِكُمْ، تَانِكِ، تَانِكُنَّ
(5) اُولٰئِكَ، اُولٰئِكُمَا، اُولٰئِكُمْ، اُولٰئِكِ، اُولٰئِكُنَّ

س3 کون کونسے اسمائے اشارہ کن کن چیزوں کیلئے آتے ہیں

ج ذَا قریب کیلئے

دوسری بعد میں
اور دوسرا مضمون لکھا جاتا ہے
تنقید، ناول، ڈرامے اور دوسری اصناف کی
شکل میں بھی بعد میں لکھے گئے ہیں
لکھا، مثلاً یہ مقالات لکھے گئے ہیں جو مخصوص ہیں۔

اسم موصول

س: اسم موصول کی تعریف بیان کریں نیز صلۃ کون ہوتا ہے بیان کریں؟

ج: اسم موصول: مَا لَا یَتِمُّ جُزْءً اِلَّا بِصِلَۃٍ وَ عَائِدٍ

صلۃ:
اسم موصول کا صلۃ جملہ خبریہ بنتا ہے
اور عائد وہ ضمیر ہوتی ہے جو اس کی طرف لوٹتی ہے
الف لام اسم فاعل و مفعول کا صلۃ بنتے ہیں

س: ~~اسمائے~~ ادوات موصولۃ کون کون سے ہیں؟

ج: ادوات موصولۃ یہ ہیں
(1) مفرد مذکر کیلئے: الذی
(2) مفرد مؤنث کیلئے: التی
(3) تثنیہ مذکر کیلئے: اللذان
(4) تثنیہ مؤنث کے لیے: اللتان
تثنیہ کے صیغے الف اور یا، دو نوں کے ساتھ آتے ہیں
(5) جمع مذکر کیلئے: الْاُولٰی، الَّذِیْنَ
(6) جمع مؤنث کیلئے: اللائی، اللاء، اللای، اللاتی، اللواتی
شروع کے تین کلمے جمع مذکر کیلئے بھی آتے ہیں *

30/12/18

مَن، مَا یہ سب کیلئے استعمال ہوتے ہیں مگر مَن ذوی العلم کے ساتھ خاص ہے اور مَا خاص ہے غیر ذوی العلم کے ساتھ *
أَيٌّ بمعنی اللذی کے ہیں ہے
أَيَّةٌ بمعنی اللتی کے ہے
ذُو طائیۃ ذا مابعد مَا کے استفہام کیلئے
الف لام

سؔ ضمیر عائد کو کب حذف کرنا جائز ہے اور اَلَّذِی کے ذریعے خبر دینے کا طریقہ بیان کریں؟

ج ضمیر عائد کو حذف کرنا جائز ہے جبکہ وہ مفعول کی ضمیر ہو مثلاً

اَهٰذَا الَّذِیْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا أَیْ بَعَثَهٗ، اِنَّ اللّٰهَ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ اَیْ لِمَنْ یَّشَآءُهٗ مِن عِبادِہ
ضمیر عائد

جب تو خبر دے الذی کے ذریعے تو تم الذی کو شروع کلام میں لاؤ گے اور مخبر عنہ کی جگہ ضمیر اور مخبر عنہ کو مؤخر کر دیگا
جیسے جب تو خبر دے الذی کے ذریعے ضربت زیداً جملے کی تو تو کہے گا اَلَّذِیْ ضَرَبْتُهٗ زَیْدٌ

اسی طرح الف لام کے ذریعے تو خبر دے گا مگر یہ جملہ فعلیہ کے ساتھ خاص ہے تاکہ اسم فاعل یا مفعول کی

بناء درست ہو جائے مثلاً قَامَ بَکْرٌ سے القَائِمُ بَکْرٌ

س اَلَّذِی اور اس کی فروعات کے ذریعے خبر دینا کب درست نہیں ہے؟

ج جب ان اُمور (یعنی شروع میں الذی کو لانا مخبر عنہ کو مؤخر کرنا اور اس کی جگہ ضمیر لانا) میں سے کوئی امر (کام) متعذر ہو تو الذی کے ذریعے خبر دینا بھی متعذر ہوگا ★

یہ سات 7 مقامات میں ہوتا ہے

(1) ضمیر شان میں اَلَّذِی کے ذریعے اخبار دینا درست نہیں کیونکہ اس سے ضمیر شان کی صدارت کلام نہ رہے گی اور جیسے ھُوَ زَیْدٌ قَائِمٌ سے اَلَّذِی ھُوَ زَیْدٌ ھُوَ

(2) موصوف جیسے ضَرَبَ زَیْدُ العَاقِلُ سے اَلَّذِی ضَرَبَ ھُوَ العَاقِلُ تو یہ درست نہ ہوگا کیونکہ قاعدہ ہے اَنَّ الضَّمِیرَ لَا یُوْصَفُ وَلَا یُوْصَفُ بِہٖ اور اس مثال میں ضمیر موصوف بن رہی ہے ★

(3) صفت میں الذی کے ذریعے اخبار درست نہیں ★ جیسے ضرب زید العاقل سے اَلَّذِی ضَرَبَ زَیْدٌ ھُوَ اس میں مذکورہ قاعدہ ٹوٹ رہا ہے ★

(4) مصدر یا عامل میں بھی درست نہیں ★
جیسے ضَرْبُ زَیْدٍ سے عجبتُ من ضربِ زیدٍ بکراً
شروع میں الذی لگائیں گے یعنی مخبر عنہ (ضرب زید)
کو مؤخر کریں گے اور اس کی جگہ ضمیر لائیں گے
مثلاً کہیں گے الذی عجبتُ منہ بکراً ضربُ زید
تو یہ مثال درست نہ ہوگی کیونکہ اس مثال میں ضمیر عامل
بن رہی جو کہ درست نہیں ★

(5) حال :
مثلاً جاءنی زیدٌ راکباً کی الذی سے خبر
دی جائے اور کہا جائے کہ اَلّذی جاءنی
زیدٌ ھو راکبٌ تو یہ درست نہ ہوگا کہ ضمیر کا حال
واقع ہونا لازم آئے گا جو کہ درست نہیں کہ حال ہمیشہ نکرہ
ہوتا ہے جبکہ ضمیر معرفہ ہوتی ہے ★

(6) اس ضمیر میں جو اَلّذی کے غیر کی مستحق ہے
مثلاً زیدٌ ضربتہ میں ہ ضمیر منصوب کی خبر دینا
الذی کے ذریعے اور کہنا اَلّذی زیدٌ ضربتُہ ھُوَ
تو یہ مثال اس وجہ سے درست نہ ہوگی کہ ھُوَ
ضمیر کے دو مرجع ہوں گے (1) زید (2) الذی یہ جائز
نہیں ★

(7) اس اسم میں جو ضمیر پر مشتمل ہو مثلاً زیدٌ ضربتُ غلامَہ
جب ہم اس کی الذی کے ذریعے خبر دیں گے اور کہیں
گے کہ الذی زید ضربتُ غلامَہ تو ضمیر کے دو مرجع

(۱) الذی (۲) زید مبتدا اور یہ جائز نہیں

س: مَا، مَن، اور أیٌّ، أیَّةٌ کن کن معنوں میں استعمال ہوتے ہیں؟

ج: مَا چھ معنوں میں مستعمل ہے

(۱) اسمیہ موصولہ جیسے عجبت مما فعلت

(۲) استفہامیہ جیسے وما تلک بیمینک یموسیٰ

(۳) موصوفہ جیسے مررت بما معجب لک

(۴) شرطیہ جیسے ما تفعل أفعل

(۵) تامّہ جیسے إن تبدوا الصدقٰت فنعمّا هی

اس وقت مَا شئی کے معنی میں استعمال ہوتا ہے

مگر اس میں اختلاف ہے کہ معرفہ ہوگا یا نکرہ،

امام سیبویہ کے نزدیک معرفہ الشئی کے معنی میں ہوگا

امام أبو علی فارسی کے نزدیک نکرہ ہوگا یعنی شئی کے معنی میں ہوگا ★

(۶) صفت جیسے أکرمته لوجه ما

مَن چار معنوں میں استعمال ہوتا ہے ★

(۱) موصولہ جیسے أکرم من جاءک

(۲) استفہامیہ جیسے من أکرمت

(۳) شرطیہ جیسے من تزر أزر

(۴) موصوفہ جیسے کفیٰ بنا فضلاً علیٰ مَن غَیرِنا

حب النبیّ محمدٍ إیانا

أيٌّ اور أيّةٌ مَن کی طرح ہیں یعنی چار معنوں میں مستعمل ہیں ★

(1) دونوں موصول ہونگے ج: إضرب أيهم لقيت
إضرب أيتهن لقيت

(2) دونوں استفہام ہونگے ج: أيهم أخوك / أيتهن أختك

(3) دونوں شرط ہونگے ج: أيًّا مّا تدعوا فله الاسماء الحسنى
أيّة طريقة سلكت سلكت

(4) دونوں موصوف ہونگے ج: يا أيها الرجل / يا أيتها المرءة

نوٹ ج:
أيٌّ اور أيّةٌ معرب ہوتے ہیں مگر جب
ان کے صدر صلہ کو حذف کر دیا جائے تب یہ مبنی ہونگے
مثال لننزعن من كل شيعة أيهم أشد على الرحمن عتيا ★

31-12-18

س: ماذا کن معنوں میں استعمال ہوتا ہے اور اس کا جواب کس طرح آتا ہے ★

ج: ماذا کا دو طریقوں میں استعمال ہوتا ہے (1) ما الذی کے معنی میں (2) أی شیء کے معنی میں ★
جب یہ ما الذی کے معنی میں ہو تو ما استفہامیہ ہوگا اور

ذا موصولۃ یعنی أیُّ شیٍ ہے الذی صنعتہ کے
معنی میں ہوگا اور اس کا جواب مرفوع ہوگا
کیونکہ یہ مبتدا محذوف کی خبر واقع ہوگا

مثال: جب ماذا بمعنی ما الذی سے سوال کیا جائے تو جواب دیں گے الاکرامُ
اس میں مبتدا محذوف ہوگا الذی صنعتہ الاکرامُ ★

جب یہ أیُّ شیٍ ہے کے معنی میں ہو تو ماذا أی شیٍ ہے
کے معنی میں ہوگا یا حرف ما بمعنی ای شیٍ ہوگا
اور ذا زائدہ ہوگا ★

اور اس کا جواب منصوب ہوگا اس وجہ سے کہ وہ فعل
محذوف کا مفعول بہ بنے گا

مثال: جب ماذا سے بمعنی أیُّ شیٍ ہے سوال کیا جائے
تو جواب دیا جائے مثلاً الاکرامَ صنعتُ ★

أَيٌّ أَيَّةٌ

1-1-19

اسم فعل کا بیان

س: اسمائے افعال کی تعریف بیان کریں

تعریف:

جو اصل میں اسم تھے مگر فعل کے معنی میں منتقل ہوگئے اور فعل کا معنی دیتے ہیں مگر فعل کی حرکات کو قبول نہیں کرتے ★

مثال: هیهات زیدٌ ای بَعُدَ

س: اسمائے افعال کون کونسے ہیں ★

کثیر الاستعمال {ماضی کے 3} {امر کے 6}

عَلَیْكَ (امر)	اِلْزَمْ	تو لازم پکڑ
هَا (امر)	خُذْ	تو لے
حَیَّهَلْ (امر)	أَقْبِلْ	تو آگے بڑھ
آمِیْن (امر)	اِسْتَجِبْ	تو قبول کر
حَیَّ (امر)	اِیْتِ	تو آ
سَرْعَان (ماضی)	سَرُعَ	وہ تیز ہوا
شَتَّان (ماضی)	اِفْتَرَقَ	وہ جدا ہوا
رُوَیْدًا (امر)	اَمْهِلْهُ	تو مہلت دے
هَیْهَات (ماضی)	بَعُدَ	وہ دور ہوا

س: اسمائے افعال کس کس معنوں میں ہوتا ہے

ج: اسمائے افعال یا تو ماضی کے معنی میں ہوگا یا امر کے معنی میں ہوگا جیسے هَيْهَاتَ زَيْدٌ اي بَعُدَ ، رُوَيْدَ زَيْدًا اي أَمْهِلْهُ

نوٹ:
کبھی کبھی اسمائے افعال مضارع کے معنی میں بھی ہوتے ہیں جیسے أُفٍّ اي أَتَضَجَّرُ ، أَوَّهْ اي أَتَوَجَّعُ

س: ثلاثی مجرد سے اسم فعل کس وزن پر آتا ہے؟

ج: ثلاثی مجرد سے اسم فعل فَعَالِ کے وزن پر آتا ہے قیاسی طور پر جیسے نَزَالِ بمعنی اِنْزِلْ ، ضَرَابِ بمعنی اِضْرِبْ

س: فَعَالِ کا وزن اور کس میں آتا ہے؟

(1) مصدر معرفہ میں آتا ہے جیسے فَجَارِ (اَلْفُجُوْرِ)

(2) صیغۂ صفت مؤنث کیلئے آتا ہے یا فَسَاقِ (یا فَاسِقَةُ)
(یہ دونوں مبنی ہوتے ہیں)

(3) مؤنث کے علم کیلئے آتا ہے جیسے قَطَامِ غَلَابِ

نوٹ: اہل حجاز کے نزدیک یہ مبنی ہے اور بنو تمیم کے نزدیک معرب (غیر منصرف) ہے مگر جسکے آخر میں (را) ہو تو وہ مبنی ہے جیسے حَضَارِ

اصوات کا بیان

س ۱ اصوات کی تعریف بیان کریں؟

ج ہر وہ لفظ جس سے آواز کی حکایت کی جائے یا جس کے ذریعے جانوروں کو پکارا جائے پہلے کی مثال غاق دوسرے کی مثال نخ

مرکبات کا بیان

س ۲ مرکب کی تعریف مع اقسام بیان کریں؟

ج ہر وہ اسم جو دو کلموں سے مرکب ہو اور ان کے درمیان کوئی نسبت نہ ہو
اس کی دو قسمیں ہیں
(۱) دوسرا جزء اگر کسی حرف کو ملا ہو تو دونوں مبنی ہونگے جیسے خمسۃ عشر اور أحد عشر سوائے اثنا عشر کے پہلے جزء کے

(2) دوسرا جزء اگر کسی حرف کو شامل نہ ہو تو پہلا مبنی بر فتح اور دوسرا معرب غیر منصرف ہوگا جیسے بَعْلَبَكُّ

کنایات کا بیان

س1: کنایہ کون کونسے ہیں اور یہ کس لیے آتے ہیں؟

ج: کم، کذا عدد کیلئے آتے ہیں

کیت، ذیت، حدیث (بات) کیلئے آتی ہیں

س2: کم کی کتنی قسمیں ہیں اور ہر ایک قسم کی تمییز کا حکم بیان فرمائیں

ج: کم کی دو قسمیں ہیں

(1) استفہامیہ
(2) خبریہ

استفہامیہ: اس کی تمییز مفرد منصوب ہوتی ہے

مثال: کم درھماً عندک، کم رجلاً ضربت

خبریہ: کم خبریہ کی تمییز مفرد مجرور اور کبھی کبھی جمع مجرور آتی ہے

مثال :- مفرد مجرور کی مثال :- کَمْ مُقَاتِلٍ جَاوَزْتَ

مفرد جمع مجرور کی مثال :- کَمْ غِلْمَانِ اشْتَرَیْتُ

س: کَمْ کی دونوں قسموں کے اعراب بیان کریں؟

ج: کَمْ (خبریہ، استفہامیہ) مرفوع، منصوب، مجرور ہوتا ہے

منصوب :- کَمْ کے بعد ایسا فعل ہو جو اپنی ضمیر کی وجہ سے کَمْ سے اعراض نہ کرے تو وہ منصوب ہو گا۔

مثال :- کَمْ یَوْمًا سِرْتَ کَمْ یَوْمٍ صُمْتَ
(منصوب) (منصوب)

اس کی تین صورتیں ہیں باعتبار تمییز — اگر تمییز مفعول فیہ ہو تو کَمْ ظرف کی بناء پر منصوب ہو گا

مثال :- کَمْ یَوْمًا سِرْتَ کَمْ یَوْمٍ صُمْتَ

اگر مفعول بہ ہو تو کَمْ منصوب ہوگا مفعولیت پر مثلاً کَمْ رَجُلًا لَقِیْتَ کَمْ رَجُلٍ لَقِیْتُ

اگر تمییز مفعول مطلق ہو تو مصدر کی بناء پر منصوب ہو گا مثلاً کَمْ ضَرْبَةً ضَرَبْتَ / کَمْ ضَرْبَةٍ ضَرَبْتُ

مجرور :- کَمْ سے پہلے حرفِ جر یا مضاف ہو تو اس صورت میں کَمْ مجرور ہو گا۔

حرفِ جر کی مثال :- بِکَمْ دِرْهَمًا اشْتَرَيْتَ ، بِکَمْ رَجُلٍ مَرَرْتَ

مضاف کی مثال :- غُلَامَ کَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَ ، غُلَامَ کَمْ رَجُلٍ اشْتَرَيْتَ

مرفوع کی صورت :-

ماقبل ذکر کی گئی دو صورتیں نہ ہوں تو کم مرفوع ہوگا اگر یہ ظرف نہ ہو تو مبتدا اور اگر ظرف ہو تو خبر ہوگا

مثال :- کَمْ رَجُلٍ أَخُوكَ (مبتدا، خبر) ، کَمْ رَجُلًا أَخُوهُ زَيْدٌ (مبتدا، خبر)

کَمْ يَوْمًا سَفَرُكَ (خبر، مبتدا) ، کَمْ يَوْمٍ صَوْمِي (خبر، مبتدا)

نوٹ :-

اسی طرح اسمائے استفہام و شرط بھی منصوب مرفوع مجرور ہوتے ہیں

س کم کی تمیز کو حذف کرنا جائز ہے یا نہیں

ج قرینہ کے پائے جانے کی وجہ سے کم کی تمیز کو حذف کرنا جائز ہے جیسے کم مالُكَ اب یہاں کم کے بعد معرفہ آرہا ہے اور کم کی تمیز نکرہ ہوتی تو کم کی تمیز درھمًا نکرہ محذوف مانیں گے ۔

جیسے کم ضربتَ ، یہاں پر کم کے بعد فعل آرہا ہے اور کم کی تمیز مصدر ہوتی ہے تو یہاں اسم ضربۃً محذوف مانیں گے ۔

(1) کم مرفوع ہوگا مبتدا ہونے کی وجہ سے

(2) کم منصوب ہوگا بر بنائے ظرف

(3) کم بر بنائے مفعول مطلق منصوب ہوگا

(1) كَمْ عَمَّةٍ لَكَ (يَا جَرِيرُ) وَخَالَةٍ فَدْعَاءَ قَدْ حَلَبَتْ عَلَيَّ عِشَارِي



(2) كَمْ عَمَّةٍ لَكَ (يَا جَرِيرُ) وَخَالَةٍ فَدْعَاءَ قَدْ حَلَبَتْ عَلَيَّ عِشَارِي



(3) كَمْ عَمَّةٍ لَكَ (يَا جَرِيرُ) وَخَالَةٍ فَدْعَاءَ قَدْ حَلَبَتْ عَلَيَّ عِشَارِي



ظروف مبنیہ

س ظروف مبنیہ تحریر کریں؟

ج جو مقطوع عن الاضافۃ ہو

(1) جیسے : قبل، بعد اور جو اس کے مشابہ ہو . تحت، فوق، قدام خلف، وراء
یہ جب مضاف ہوں اور ان کا مضاف الیہ محذوف ہو تو مبنی بر ضمہ ہوگا جیسے مِنْ قَبْلُ مِنْ بَعْدُ .

* جو قبل بعد کے قائم مقام ہوں جیسے لَا غیر، لیس غیر، حسب
مثال :- جَاءَ زَيْدٌ لَا غَيْرُ اَیْ لَا غَيْرُهُ
مثال :- جَاءَ زَيْدٌ لَيْسَ غَيْرُ اَیْ لَا غَيْرُهُ
مثال :- مَرَرْتُ بِخَالِدٍ فَحَسْبُ لیس

(2) حَيْثُ (احیان) یہ اکثر جملہ کی طرف مضاف ہوتا ہے اور مبنی بر ضمہ ہوتا ہے جیسے مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ

نوٹ :- کبھی کبھی حَيْثُ مفرد کی طرف بھی مضاف ہوتا ہے جیسے اَمَا تَرَى حَيْثُ سُهَيْلٍ طَالِعًا

(3) اِذَا (جب) یہ مستقبل کیلئے آتا ہے جب فعل ماضی پر داخل ہو ، جیسے اذا جاء نصر اللہ والفتح .

* اذا کے اندر شرط کے معنی پائے جاتے ہیں اسی وجہ سے اِذَا کے بعد فعل مختار ہے

* کبھی اذا مفاجاۃ کیلئے آتا ہے لیکن اس وقت اس کے بعد مبتداء آئے گا جیسے خرجت فاذا زید بالباب

(4) إذ (جب) یہ ماضی کیلئے آتا ہے اگرچہ مستقبل پر داخل ہو اور
اس کے بعد جملہ فعلیہ و اسمیہ دونوں آتے ہیں۔
جیسے إذ هما في الغار (اسمیہ) إذ يقول لصاحبه (فعلیہ)

(5) أين (کہاں) مکان کیلئے آتا ہے استفہام میں بھی شرط
میں بھی أين زيد أين تذهب أذهب
استفہام شرط

(6) أنّى (جہاں) ظرف مکان کیلئے آتا ہے
استفہام أنّى يكون لي ولد
شرط أنّى تجلس أجلس
نوٹ: أنّى کبھی کبھی متى کے معنی میں ہوتا ہے جیسے
أنّى القتالُ أي متى القتالُ۔

(7) متى (جس وقت) ظرف ~~مکان~~ زمان کیلئے آتا ہے
استفہام متى الفوز
شرط متى تمش أمش

(8) أيّانَ (کب) ظرف زمان کیلئے آتا ہے
استفہام أيّان القتالُ؟

(9) كيف (کیسے) حالت کیلئے آتا ہے
استفہام كيف انت؟
نوٹ: کیف کبھی شرط کے معنی میں ہوتا ہے ضعیفیت کی بنا پر
بصریوں کے نزدیک ما کے ساتھ كيفما تجلس اجلس اور کوفیوں
کے نزدیک بغیر ما کے كيف تجلس اجلس

(10) مُذْ و مُنْذُ (بمعنی اول مدت) (بمعنی جمیع مدت)

(1) بمعنی اول المدۃ :-

اسکے ساتھ مفرد معرفہ ملا ہوگا

مفرد اس لیے کیونکہ مدت ایک ہوگی معرفہ اس لیے تاکہ اول مدت معلوم ہو جو کہ مجہول سے نہیں ہوتی ہے ، مَا رَأَیْتُہٗ مذ یوم الجمعۃ ای اَوَّلُ مُدَّۃِ عَدَمِ رُؤْیتی اِیَّاہٗ یومُ الجمعۃ

(2) بمعنی جمیع :-

اس کے ساتھ عدد ملا ہوا ہوتا ہے ، جیسے

مَا رَأَیْتُہٗ مذ یومٍ / یومانِ / اَیَّامٍ / مُذْ یومِنا ھذا

نوٹ :-

کبھی کبھی مذ و منذ کے بعد مصدر واقع ہوتا ہے

مَا فرحت مذ ذھابک

* کبھی فعل واقع ہوتا ہے جیسے ما فرحتُ مذ ذھبت
* کبھی اَنَّ واقع ہوتا ہے جیسے ما فرحتُ مذ أنّک ذاھبٌ
* کبھی جملہ اسمیہ واقع ہوتا ہے جیسے مَا فرحتُ مذ بکرٌ مسافرٌ

ان سب صورتوں میں "زمان" مضاف محذوف ہوتا ہے

(1) ما فرحت مذ زمان ذھابک

(2) ما فرحت مذ زمان ذھبت

(3) ما فرحت مذ زمان انک ذاھب

(4) ما فرحت مذ زمان بکر مسافر

مَا فرحت مذ زمان ذھابک

بعض کے نزدیک زمان مابعد سے ہوکر مذ، منذ کی خبر بنے گا
امام زجاج کے نزدیک مُذْ خبر مقدم اور مابعد مبتدا مؤخر بن گا

(11) لدی، لَدُنْ (لَدَنْ، لَدْنِ، لُدْ، لَدُ، لَدْ) یہ ضعیف لغت ہے،
یہ عند کے معنی میں ہوتے ہیں

(12) قَطُّ (قُطُّ، قَطْ، قُطْ، قَطُ) ماضی منفی کیلئے آتا ہے مارایتہ قط

